# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 5 کے لئے



# رس بھری مکھی

# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

5 منٹ

- کتاب پڑھنے سے پہلے بچوں سے چند سوالات کریں۔

- بچوں سے پوچھیں کہ کیا کبھی ان کو کسی کیڑے نے کاٹا یا ڈنک مارا ہے۔ شاید کوئی بچہ شہد کی مکھی کا نام لے۔ اس بچے سے اس کا قصہ سنیں۔ اگر کوئی بچہ نہ بتائے تو خود کوئی قصہ سنائیں۔

10 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ شہد کی مکھی کو یہ نام کیوں دیا گیا۔ اگر کوئی بچہ نہ بتا سکے تو خود بتائیں۔

- بچوں سے پوچھیں کہ کسی نے شہد کھایا ہے۔ کیا انہیں پتہ ہے کہ شہد کس طرح بنتا ہے۔

- اگر کوئی بھی بچہ نہ بتا پائے تو مختصراً بتائیں کہ شہد پھولوں کے رس سے بنتا ہے اور اسے شہد کی مکھی پھولوں سے رس چوس کر بناتی ہے۔

10 منٹ

- رس بھری مکھی پڑھ کر سنائیں۔

- دوران پڑھائی مشکل الفاظ کے معنی بھی بتائیں اور جہاں بچوں کو کچھ سمجھنے میں مشکل ہو اسے آسان الفاظ میں سمجھائیں۔

15 منٹ

- بچوں سے زبانی سوالات کریں۔ بچے کتاب سے پڑھ کر جواب دیں۔

(1) شہد کی مکھی ناچتی کیوں ہے؟
(2) شہد کی مکھی شہد کیوں جمع کرتی ہے؟
(3) شہد کی مکھی اتنا سوچ سمجھ کر اپنا چھتہ کیوں بناتی ہے؟
(4) شہد کی مکھی کو چھتے کا شہری کیوں کہتے ہیں؟
(5) شہد کی مکھی کی وجہ سے آپ کو پھل اور سبزی کیسے ملتے ہیں؟
(6) کیا آپ کو کسی اور کیڑے یا جانور کے بارے میں پتہ ہے جو شہد کی مکھی کی طرح مل جل کر رہتے ہوں؟

## گھر کا کام

5 منٹ • اگلے سیشن کے لئے گھر سے ایک پھول کی تصویر لے کر آئیں۔ کتاب کی پڑھائی کر کے آئیں۔

# سیشن 2

20 منٹ • بچے اپنی لائی ہوئی پھول کی تصویر کوپی میں چپکائیں اور 5 - 4 جملوں میں لکھیں کہ انہیں یہ پھول کیوں پسند ہے۔

20 منٹ • بچوں کو کتاب سے متعلق سوال جواب کا کام دیں۔ بچے چاہیں تو کتاب سے دیکھ کر جواب لکھیں۔

(1) شہد کی مکھیاں ایک دوسرے کو پھولوں کے بارے میں معلومات کس طرح فراہم کرتی ہیں؟
(2) شہد کی مکھی شہد کیوں بناتی ہے؟
(3) اسکاؤٹ، مزدور اور رانی مکھی کو یہ نام کیوں دیئے گئے ہیں؟
(4) آپ کے خیال میں Karl von Frisch نے شہد کی مکھی کے بارے میں معلومات کیسے حاصل کی ہو گی۔
(5) شہد کس طرح حاصل ہوتا ہے؟

- جو بچے سوال جواب کلاس میں مکمل نہ کر سکیں وہ گھر سے مکمل کر کے لائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ • کتاب میں جو تحریر لال رنگ میں لکھی گئی ہے اس سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

• گھر سے کوئی ایسی چیز جو وہ شہد کے ساتھ کھانا چاہیں مثلاً پراٹھا، روٹی، ڈبل روٹی، بسکٹ وغیرہ لے کر آئیں۔

# سیشن 3

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

ٹیچر گھر سے شہد لائیں۔

5 منٹ • بچوں کو کچھ وقت دیں کہ وہ ایک مرتبہ پھر ان صفحات کو دہرائیں جن میں سے املا کروایا جائے گا۔

5 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور املا کریں۔

10 منٹ • املا کی اصلاح کرائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ • بچوں سے کہیں کہ وہ ہاتھ اچھی طرح دھو کر آئیں تا کہ گھر سے لائی ہوئی چیزیں نکال کر شہد کے ساتھ کھا سکیں۔

- ہر بچے کو تھوڑا شہد دیں اور بچے جو روٹی، پراٹھا وغیرہ لائے ہیں شہد کے ساتھ کھائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ دوبارہ ہاتھ دھو کر آئیں۔

5 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ ان کے گھر میں شہد کس کس چیز کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ بچوں کو موقع دیں کہ وہ کچھ دیر بات چیت کریں۔

# سیشن 4

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • 10 - 8 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کرائیں۔ |
| 25 منٹ | • بورڈ پر کتاب سے چن کر ایسے الفاظ لکھیں جو مل کر جوڑے بناتے ہیں۔ مثلاً ادھر ادھر، مل جل، دیکھ بھال، وغیرہ۔<br>- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپیاں نکالیں اور کتاب میں دیئے گئے ایسے الفاظ کی فہرست بنائیں۔<br>- کام کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔ |
| 10 منٹ | • ان الفاظ میں سے کسی 5 الفاظ کے جملے بنائیں۔ |

# سیشن 5

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کرائیں۔ |
| | • پڑھائی کے بعد ٹیچرز گائیڈ میں دی گئی ورک شیٹ کروائیں۔ ٹیچر بورڈ پر لکھ سکتی ہیں یا فوٹو کوپی کرواکر بانٹ سکتی ہیں۔ بچے کتاب سے مدد لے سکتے ہیں۔ |
| 5 منٹ | • ورک شیٹ کا کام شروع کروانے سے پہلے ٹیچر بچوں سے زبانی سوالات کوئز کے انداز میں پوچھیں تو بچے یہ کام دلچسپی سے کریں۔ |

30 منٹ

- صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

(1) شہد کی مکھی پولن :

اپنے ڈنک میں جمع کرتی ہے۔ ( )

اپنی ٹانگ کے اوپر جمع کرتی ہے۔ ( )

اپنی ٹانگوں پر لگی ٹوکری میں جمع کرتی ہے۔ ( )

(2) cross pollination میں مکھی :

پھولوں کے ایک حصہ سے دوسرے حصہ تک pollen لے جاتی ہے۔ ( )

ایک پھول سے دوسرے پھول تک pollen لے جاتی ہے۔ ( )

پھول سے کلی تک pollen پہنچاتی ہے۔ ( )

(3) دشمن سے چھتے کی حفاظت :

مزدور مکھی کرتی ہے۔ ( )

رانی مکھی کرتی ہے۔ ( )

چوکیدار مکھی کرتی ہے۔ ( )

(4) larva کی خوراک :

royal jelly اور pollen ہے۔ ( )

pollen اور bee bread ہے۔ ( )

royal jelly اور bee bread ہے۔ ( )

- صحیح (✓) یا غلط (X) کا نشان لگائیں۔

(1) مزدور مکھی چھتے کی سب سے غیر ذمہ دار مکھی ہوتی ہے۔

(2) ایک چھتے میں کئی کئی دن ایک بھی مکھی نہیں مرتی۔

(3) اگر رانی مکھی مر جائے تو سب مکھیاں چھتہ چھوڑ کر اڑ جاتی ہیں۔

(4) چھتے میں ایک وقت میں کئی کئی رانی مکھیاں تیار کی جاتی ہیں۔

(5) شہد بہت سی بیماریوں کا علاج ہے۔

(6) رانی مکھی کا کام حکمرانی کرنا ہے۔
(7) چھتے کی سب سے خطرناک مکھی چوکیدار مکھی ہوتی ہے۔
(8) رانی مکھی اپنے مرنے کی جھوٹی خبر سن کر انڈے دینا بند کر دیتی ہے۔

- خالی جگہ پر کریں۔

(1) ایک چھتے میں ________ طرح کی مکھیاں ہوتی ہیں اور اس میں ________ مکھی کی تعداد سب سے زیادہ ہوتی ہے۔
(2) سب سے زیادہ محنت کش ________ مکھی ہوتی ہے۔
(3) پھولوں کے رس کے علاوہ شہد کی مکھی ________ اور ________ بھی چھتے میں لاتی ہے۔
(4) چھتے کے خانوں کو بند کرنے کے لئے شہد کی مکھی ________ استعمال کرتی ہے۔
(5) اگر چھتے میں گھسنے والا جانور چوہے جتنا ہو تو مکھیاں اس پر ________ کی تہہ چڑھا دیتی ہیں۔

# سیشن 6

25 منٹ

- کتاب سے 10 الفاظ جن کی ضد ہو چن کر بورڈ لکھیں۔ بچوں سے پوچھ کر ان کی ضد لکھیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| جیت | ہار |
| ٹھنڈا | گرم |
| اندرونی | بیرونی |
| قریب | دور |
| اونچا | نیچا |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| پچھلی | اگلی |
| محنتی | سست |
| نقصان | فائدہ |
| گاڑھا | پتلا |
| وفادار | بے وفا |

- بچوں سے کہیں کہ کسی بھی 5 الفاظ کے جملے بنائیں۔ ہر جملے میں الفاظ اور اس کی ضد دونوں استعمال کریں۔

20 منٹ

- بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ ایک میں اسم لکھیں اور ایک میں فعل۔
- بچوں سے کہیں کہ کتاب کے صفحہ 6 - 1 تک سے کم از کم 5 اسم اور 5 فعل الفاظ بتائیں۔ ٹیچر انہیں بورڈ پر لکھیں۔
- بچے یہ کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

| فعل | اسم |
|---|---|
| دیکھنا | چھتہ |
| ناچنا | رس |
| چوسنا | پھول |
| ستانا | شہد |
| بھیجنا | مکھی |
| سمجھانا | تھیلی |
| ڈھونڈنا | دم |

# رس بھری مکھی

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk